ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(268)

11-05-2023

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر ملکی حالات کے پیش نظر امن وامان کے حوالے سے پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ،شرپسند عناصر کو واضح پیغام،کسی صورت شہر کا امن خراب ہونے نہیں دیں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر پولیس نے شہر بھر میں موجودہ ملکی حالات اور سیکیورٹی صورتحال وامن وامان کے حوالے سے فلیگ مارچ کیا،فلیگ مارچ کی قیادت ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت نے کی۔ فلیگ مارچ میں ڈی ایس پی سٹی سرکل،ڈی ایس پی صدر سرکل،ڈی ایس پی ٹریفک،انچارج سیکیورٹی،سٹی وصدر سرکل کے ایس ایچ اوز،ڈولفن اسکواڈ،ایلیٹ فورس،ٹریفک پولیس اورڈسٹرکٹ پولیس نے حصہ لیا۔ڈی پی او نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے۔عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔جبکہ ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت نے کہا کہ شرپسند عناصر کو واضح پیغام ہیکہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،کسی کو امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔فلیگ مارچ پولیس لائن سے شروع ہوکر شہر کے مختلف راستوں ڈی سی چوک،ون یونٹ چوک،خرم پٹرولیم،جاپان ٹاؤن،صدر پلی،کالی پلی سے قائد چیک پوسٹ،لائبریری چوک سے سرکلر روڈ ختم نبوت چوک،دبئی چوک سے پرانی چونگی سے گلبرگ روڈ سے راجہ پمپ سے سرائیکی چوک،سمیع اللہ چوک،سٹی ہوٹل چوک،بندرہ پلی سے پل پکا تک،واپس لاری اڈا سے ہوتا ہوا پولیس لائن پر اختتام پزیر ہوا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر ملکی حالات کے پیش نظر امن وامان کے حوالے سے پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ